# 11539 ـ کام کےسبب سےشدیدگرمیکیبناپرروزہ افطارکرنےوالےکاحکم

**سوال**

میں سعودیہ میں عمارتی کام جوکہ بہت زیادہ مشقت والاکام کرتاہوں اورمیرے ساتھ پندرہ اشخاص اوربھی ہیں جب رمضان آیاتوہم یکم اور دورمضان کوروزہ رکھاپھرسب نےہی باقی سارامہینہ روزےنہیں رکھےاورمیں بھی ان کےساتھ تھاکیونکہ ہم مصرسے پہلی مرتبہ آئےہیں اورآب وہوامیں اختلاف پیداہوا ہے ۔
اوردوسرے رمضان میں میں نےمکمل رمضان کےروزے رکھےاوریہ بھی علم ہوناچاہئے کہ دوسرارمضان آنےتک میں ان روزوں کی قضاءنہیں کی جوکہ پہلےرمضان میں رہ گئےتھے تواس میں کیاحکم ہے ؟ ہمیں اس کےمتعلق بتائیں اللہ تعالی آپ کواجرعطافرمائے ۔

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

آپ پریہ حرام ہےاورآپ کےلئےیہ جائزنہیں کیونکہ رمضان کےروزے پانچ ارکان اسلام میں سےایک رکن ہیں ۔

اللہ تبارک وتعالی کاارشاد ہے :

اےایمان والوتم پرروزے رکھنافرض کیاگیاجس طرح کہ تم سے پہلےلوگوں پرفرض کئےگئےتھےتاکہ تم تقوی اختیارکرو البقرۃ / (183)

توآپ قیامت کےدن جب اللہ تعالی کےسامنےپیش ہونگےتوکیاعذرپیش کریں گے حالانکہ اللہ تعالی نےآپ کوصحت وعافیت سےنوازاہےلیکن اس کےباوجودآپ نےاللہ تعالی کےحکم اورنہ ہی اس کی آیات پرعمل کیاہے ۔

حالانکہ اللہ تبارک وتعالی کاارشاد ہے :

اےایمان والوتم پرروزے رکھنافرض کیاگیاجس طرح کہ تم سے پہلےلوگوں پرفرض کئےگئےتھےتاکہ تم تقوی اختیارکرو البقرۃ / (183)

اللہ تعالی کایہ فرمان تم پرفرض کئےگئےہیں یعنی تم پربھی اس طرح فرض کئےگئے ہیں جس طرح کہ تم سے پہلےلوگوں پرفرض قراردئےگئےتھےتاکہ تم متقی اورپرہیزگاربن جاؤتواللہ تعالی نےتقوےکاروزے کی غایت اور

روزے کوتقوے کے حصول کاوسیلہ بنایاہے توآپ پریہ حرام ہے کہ آپ ایساکام کریں ۔

آپ پرضروری ہے کہ آپ اس سے توبہ واستغفارکریں اورجوکچھ ہوچکااس پرندامت کا اظہارکریں رہی یہ بات کہ آپ کام کرتے ہیں تویہ کوئی عذرنہیں یہ ممکن ہے کہ آپ رات کوکام کریں اوراگریہ ممکن نہیں توآپ کام چھوڑدیں کیونکہ اس کی کوئی ضرورت نہیں ۔

آپ رمضان کے مہینہ میں کام چھوڑدیں یاپھرکوئی ایساکام کریں جس میں مشقت نہ ہواوراس کے ساتھ روزہ بھی رکھاجاسکے لیکن صرف اس لئے آپ رمضان کاروزہ چھوڑیں کہ آپ کام کرتے ہیں تویہ جائزنہیں اوراگرآپ کے ذمہ پہلے رمضان کی قضاءہے اوردوسرارمضان بھی آگیاہے توآپ کے ذمہ قضاءاورکھانادونوں ہیں یہ آپ ہردن کے بدلہ میں ایک مدگندم یاگندم کے علاوہ نصف صاع دیں ۔

اورآپ پریہ ضروری ہے کہ آئندہ ایساکام نہ کریں اللہ تعالی سے استغفارکریں اوراللہ تعالی
کے سامنے کھڑاہونے کویادکریں اوراپنے متعلق اللہ تعالی کے محاسبہ کوبھی یادکریں اللہ تعالی ہمیں اورآپ کوایسے کام کرنے کی توفیق دے جواسے محبوب ہیں اوران سے راضی ہوتا ہے .